Noble Quran القُرآن الحَكِيمُ

Urdu Translation (Shah Abdul Qadir) حضرت شاہ عبدِ القادر)) اردو ترجمہ بمعہ عربی

سورۃ اللیل

بِسمِ اللہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم

1.	قسم ہے رات کی جب چھا جائے،
2.	اور دن کی جب روشن ہو،
3.	اور اس (حکمت) کی جو اس نے پیدا کئے نر اور مادہ۔
4.	تمہاری کمائی بھانت بھانت (مختلف قسم) ہے۔
5.	جو جس نے دیا اور ڈر رکھا،
6.	اور سچ جانا بھلی بات کو،
7.	تو اس کو ہم سہج سہج پہنچا دیں گے آسانی میں۔
8.	اور جس نے نہ دیا، اور بے پروا رہا،
9.	اور جھوٹ جانا بھلی بات کو،

.10	سو اس کو ہم سہج سہج پہنچا دیں گے سختی میں۔
.11	اور کام نہ آئے گا اس کو مال اس کا، جب گڑھے (دوزخ) میں گرے گا۔
.12	ہمارا ذمہ ہے سوجھا (بتا) دینا،
.13	اور ہمارے ہاتھ ہے پچھلی (آخرت) اور پہلی (دنیا)۔
.14	سو میں نے سنا دی تم کو خبر ایک تپتی آگ کی،
.15	اس میں وہی پہنچے گا جو بڑا بدبخت ہے،
.16	جس نے جھٹلایا اور منہ موڑا۔
.17	اور بچائیں گے اس سے وہ بڑا اڈر والا،
.18	جو دیتا ہے اپنا مال دل پاک کرنے کو۔
.19	اور نہیں کسی کا اس پر احسان جس کا بدلہ دے،
.20	مگر چاہ کر منہ (خوشنودی) اپنے رب کا جو سب سے اوپر (رب اعلیٰ)،
.21	اور آگے (عنقریب) وہ راضی ہو گا۔ *********

© Copy Rights:
Zahid Javed Rana, Abid Javed Rana
Lahore, Pakistan
www.quran4u.com